دوسری سہ ماہی	جماعت: چہارم	مضمون: معاشرتی علوم	سبقی منصوبہ بندی 1
اُستاد کا نام:________	ہفتہ: 9	تاریخ:________	وقت: 40 منٹ

باب چہارم: تاریخ (History)	سبق کا نام: قیامِ پاکستان میں صوبوں/علاقوں کا کردار اور پاکستان کی اہم تاریخی شخصیات

مقاصد:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- پاکستان کے قیام اور ترقی میں اقلیتوں کا کردار بیان کریں۔

تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب، ورک شیٹ

تحریکی سرگرمی: 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے پوچھیں:

- فاطمہ جناح کا قیامِ پاکستان میں کیا کردار ہے؟
- علامہ اقبال رحمتہ اللہ علیہ کب پیدا ہوئے؟

انھیں بتائیں آج کے سبق میں وہ قیامِ پاکستان اور ترقی میں اقلیتوں کے کردار کی وضاحت کریں۔

تدریسی طریقہ کار: 25 منٹ

- طلبہ کو صفحہ نمبر 54 سے سبق کے آخر تک پڑھائیں۔
- طلبہ کو بتائیں قیامِ پاکستان کی جدوجہد میں مسلمانوں کے ساتھ ساتھ مسیحیوں، ہندوؤں، سکھوں اور پارسیوں وغیرہ کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی۔
- 23 مارچ کو جب منٹو پارک لاہور میں تاریخی قرار داد پاکستان منظور ہوئی تو اس جلسے میں پورے ہندوستان سے بڑی تعداد میں مختلف مذاہب کے لوگ شریک ہوئے۔
- متن کا حوالہ دیتے ہوئے چند نمایاں اقلیتوں کے نام تختہ تحریر پر لکھیں اور طلبہ سے ان کے ناموں کو پڑھوائیں۔
- طلبہ کو بتائیں آج بھی ملک میں سرکاری اداروں بشمول آرمی، پولیس، ریلوے اور میڈیکل میں اقلیتوں کی کثیر تعداد ملکی ترقی میں اپنا کردار ادا کر رہی ہے۔

اعادہ 3 منٹ

پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کرائیں۔

جائزہ: **5منٹ**

طلبہ سے مشق جزو(2)کا سوال(iii)کا جواب زبانی سنیں۔

گھر کا کام: **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

ورک شیٹ (ہوم ورک)

سوال نمبر1: دی ہوئی شخصیات کے سامنے صوبوں کے نام لکھیں جن سے ان کا تعلق تھا۔

بیگم جہاں آرا شاہنواز		سردار عبدالرّب نشتر	
سر عبداللہ ہارون		فضل احمد غازی	
مولانا ظفر علی خان		میر بندے علی تالپور	
سردار اَورنگ زیب		میر جعفر خان جمالی	

سبقی منصوبہ بندی2	مضمون: معاشرتی علوم	جماعت: چہارم	دوسری سہ ماہی
وقت: 40منٹ	تاریخ: ________	ہفتہ: 9	اُستاد کا نام: ________

سبق کا نام: گلوب اور نقشے کی مہارتیں (Globe and Map Skills)	باب پنجم: جغرافیہ (Geography)

مقاصد:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- نقشے اور گلوب کی تعریف کر سکیں اور نقشے کے اہم عناصر بتا سکیں۔

تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب

تحریکی سرگرمی: 5منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے پوچھیں: کیا آپ نے پاکستان کا نقشہ دیکھا ہے؟ ان سے جوابات لیں اور انھیں پاکستان کا نقشہ دکھائیں۔

تدریسی طریقہ کار: 25منٹ

- طلبہ کو صفحہ نمبر 58 سے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- انھیں بتائیں دنیا کے مختلف مقامات کا مطالعہ کرنے کے لیے پہلے ان کے محل و قوع کے بارے میں جاننا ضروری ہوتا ہے۔ اس مقصد کے لیے گلوب اور نقشے سے مدد ملتی ہے۔
- طلبہ کو گلوب کی تعریف بتائیں۔ ایک خاص پیمانے کے مطابق بنائے گئے زمین کے گیند نما ماڈل کو گلوب کہتے ہیں۔
- طلبہ کو اصلی گلوب دکھائیں۔ تمام بچوں کو دیکھنے کا موقع دیں۔
- تختہ تحریر پر نقشے کا تصویری چارٹ چسپاں کریں۔
- انھیں گلوب اور نقشے میں فرق واضح کریں۔

اعادہ 3منٹ

پڑھائے گئے تصور کا مختصراً اعادہ کرائیں۔

جائزہ: 5منٹ

طلبہ سے گلوب اور نقشے میں فرق پوچھیں۔

گھر کا کام: 2منٹ

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔

سبقی منصوبہ بندی3	مضمون: معاشرتی علوم	جماعت: چہارم	دوسری سہ ماہی
وقت:40منٹ	تاریخ:________	ہفتہ:9	اُستاد کا نام:________

سبق کا نام: گلوب اور نقشے کی مہارتیں (Globe and Map Skills)	باب پنجم: جغرافیہ (Geography)

مقاصد:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- نقشے اور گلوب کی تعریف کر سکیں اور نقشے کے اہم عناصر کے نام بتا سکیں۔
- خشکی کے بڑے حصّوں یعنی براعظموں اور بحیروں/بحروں کی تعریف کر سکیں اور نقشے پر انھیں تلاش کر سکیں۔

تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ معاشرتی علوم جماعت (4) کی کتاب

تحریکی سرگرمی: 5منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے پوچھیں:

- گلوب اور نقشے سے کیا مراد ہے؟
- ہماری زمین کیسی ہے؟

طلبہ سے جواب لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

طریقہ تدریس: 25منٹ

- طلبہ کو صفحہ نمبر 58تا59 متن کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو بتائیں زمین کے نمونے کو ''گلوب'' کہتے ہیں۔ اس کی مدد سے ہم زمین پر خشکی اور پانی کی تقسیم کے حصے واضح طور پر دیکھ سکتے ہیں۔
- انھیں بتائیں ہماری زمین کا 29 فیصد حصہ خشکی جبکہ 71 فیصد پانی پر مشتمل ہے۔ خشکی کا حصہ سات بڑے حصوں پر مشتمل ہے۔ خشکی کے حصوں کو ''براعظم'' کہتے ہیں۔
- انھیں بتائیں براعظم کو انگریزی میں continent کہتے ہیں۔
- طلبہ کو فلیش کارڈ کی مدد سے براعظموں کے ناموں کو دہرانے کو کہیں (ایشیا، یورپ، افریقہ انٹارکٹیکا، آسٹریلیا، شمالی امریکہ، جنوبی امریکہ)
- اسی طرح انھیں بتائیں پوری دنیا میں پانچ بڑے سمندر ہیں۔ انھیں بتائیں ان سمندروں کو ''بحر'' کہتے ہیں۔

اعادہ: **5منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا تصور واضح کریں۔

گھر کا کام: **5منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔